رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

کلبلاتی بستیاں ، مشکل سے دوچار آدمی کتنا کم یاب آدمی ہے ، کتنا بسیار آدمی
زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

ہر اک کارِ تمنا پر یہ مجبوری، یہ مختاری مجھے آساں نہیں ہوتا ، تجھے مشکل نہیں ہوتا
ہمیں ہنگامہ آرا تھے مگر ہم جب سے ڈوبے ہیں کہیں طوفان نہیں اُٹھتا ، کہیں ساحل نہیں ہوتا
رہا اِک اِک قدم پر پاسِ آدابِ طلب ورنہ وہاں ہم تھے جہاں پانا ترا مشکل نہیں ہوتا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ورق الٹئے)

( 2 )

3۔ (ب) مولوی صاحب بڑے فخر سے اپنے بچپن کے مصائب بیان کرتے تھے۔ جس مسجد میں ٹھہرے تھے اس کا مُلّا بڑا بدمزاج اور بے رحم تھا۔ کڑکڑاتے جاڑوں میں ایک ٹاٹ کی صف میں یہ لپٹ جاتے اور ایک میں ان کے بھائی۔ سات آٹھ سال کے بچے کی بساط ہی کیا؟ علی الصباح اگر آنکھ نہ کھلتی تو مسجد کا مُلّا ایک لات رسید کرتا اور یہ لڑھکتے چلے جاتے اور صف بھی بچھ جاتی۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) ہوائی ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم ”نوجوان سے خطاب“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ۔

(ب) مطالعہ کتب ۔

( ج ) پاکستان کے معاشی حالات ۔

7۔ کسی روزنامے کے مدیر کے نام منشیات کے متعلق آگاہی کے حوالے سے خط تحریر کیجیے۔ 10